# ماڈیول ۲۴

## نواقض وضو کی تفصیلی وضاحت

نواقض وضو سے مراد وہ عوامل ہیں جن کے باعث وضو ٹوٹ جاتا ہے اور انسان کو نماز یا دیگر عبادات کی ادائیگی کے لیے دوبارہ وضو کرنا لازم ہو جاتا ہے۔ فقہاء نے وضو کو توڑنے والی مختلف چیزوں کو بیان کیا ہے اور ان کی تفصیلات کے ساتھ دلائل بھی فراہم کیے ہیں۔

## نواقض وضو کی اقسام

### قے، خون، اور نکسیر کا نکلنا

- قی: جب معدے سے کھانا یا کوئی اور مادہ منہ کے ذریعے خارج ہو تو اسے قے کہتے ہیں۔
- رعاف: نکسیر کا پھوٹ جانا، یعنی ناک سے خون کا بہنا۔
- خون: جسم کے کسی بھی حصے سے خون کا نکلنا۔

**پہلا قول:** وضو ٹوٹ جاتا ہے

فقہ حنفیہ اور حنابلہ کے مطابق، قے، نکسیر، اور خون کا بہنا ناقض وضو ہیں۔

**شرائط:**

خون بہنے والا ہو (یعنی وہ خون یا پیپ بہہ کر نکلے)۔

قے بھر کر آئے، تھوڑی قے ہو تو وضو نہیں ٹوٹتا۔

**دلیل:** حدیث ابودرداء: نبی کریم ﷺ نے قے کی اور وضو کیا، اس سے ثابت ہوا کہ قے ناقض وضو ہے۔

**دلیل:** حدیث عائشہ: جس کو قے، رعاف یا مذی آئے، وہ وضو کر کے نماز جاری رکھے۔

**قلس** قے کی ایک قسم ہے، جس میں کھانا منہ تک آجائے لیکن خارج نہ ہو۔

**ضعیف دلائل:** اکثر دلائل ضعیف ہیں، جیسے بہنے والے خون کے ناقض وضو ہونے کی روایت، جو سنداً ضعیف ہے۔

**دوسرا قول:** وضو نہیں ٹوٹتا

فقہ مالکیہ اور شافعیہ کے مطابق قے، خون اور نکسیر ناقض وضو نہیں ہیں۔

**دلیل:** حدیث جابر: ایک صحابی نے تیر لگنے کے باوجود خون بہنے کے دوران نماز جاری رکھی، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ خون ناقض وضو نہیں۔

**دلیل:** حدیث سنگی: نبی کریم ﷺ نے سنگی لگوائی اور بغیر وضو کے نماز پڑھی۔

**دلیل:** صحابہ کا عمل: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے پھوڑے سے خون نکلنے پر وضو نہیں کیا۔

**راجح قول:** دوسرے قول کو راجح سمجھا جاتا ہے، کیونکہ اس کے دلائل مضبوط ہیں اور صحیح احادیث پر مبنی ہیں

## شرمگاہ کو ہاتھ لگانا

شرمگاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹنے یا نہ ٹوٹنے کا اختلاف ہے۔

**پہلا قول:** وضو ٹوٹ جاتا ہے

جمہور علماء، جن میں شافعیہ، حنابلہ اور مالکیہ شامل ہیں، کا قول ہے کہ شرمگاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

**دلیل:** حدیث بسرہ بنت صفوان: اگر کوئی شخص اپنی شرمگاہ کو ہاتھ لگائے تو اسے وضو کرنا چاہیے۔

**دلیل:** حدیث ابوہریرہ: نبی ﷺ نے فرمایا، جو شخص اپنی شرمگاہ کو براہ راست ہاتھ سے چھوئے، اس پر وضو واجب ہے۔

**دوسرا قول:** وضو نہیں ٹوٹتا

فقہ حنفیہ کے مطابق شرمگاہ کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

**دلیل:** حدیث طلق بن علی: آپ ﷺ نے فرمایا کہ شرمگاہ جسم کا ایک حصہ ہے، اس کو ہاتھ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

**راجح قول:** راجح قول یہ ہے کہ اگر کپڑے کے بغیر براہ راست ہاتھ شرمگاہ کو لگ جائے تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ اس میں دو شرطیں ہیں: پہلی یہ کہ اندر والے حصے کو مس کیا جائے اور دوسری یہ کہ درمیان میں کوئی کپڑا وغیرہ حائل نہ ہو۔ اگر براہ راست ہاتھ لگا ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا، اور اگر براہ راست ہاتھ نہیں لگا تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

## عقل کا زائل ہونا

اگر انسان کی عقل زائل ہو جائے (جیسے بے ہوشی، نشہ یا دیوانگی) تو وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

**دلیل:** اجماع-امام ابن المنذر اور امام نووی رحمہ اللہ کے مطابق فقہاء کا اس پر اجماع ہے کہ عقل کے زائل ہونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

وضو کے ٹوٹنے کا گمان ہوتا ہے، اس لیے ناقض وضو ہے

## عورت کو چھونا

عورت کو چھونے سے وضو کے ٹوٹنے کا اختلاف ہے۔

**پہلا قول:** وضو نہیں ٹوٹتا

فقہ حنفیہ کے مطابق عورت کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

**دلیل:** قرآن اور حدیث کا مطالعہ کرنے سے ہمیں کہیں بھی ایسی کوئی صحیح دلیل نہیں ملتی جس سے یہ ثابت ہو کہ عورت کو ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ جن روایات میں یہ ذکر ملتا ہے کہ عورت کو ہاتھ لگانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، یا تو وہ حدیثیں صحیح نہیں ہیں یا اگر صحیح ہیں تو صریح نہیں، یعنی ان میں واضح نہیں کہ وضو ٹوٹا ہے یا نہیں۔ لہٰذا ہماری دلیل یہی ہے کہ کوئی بھی ایسی روایت موجود نہیں ہے جس سے یہ ثابت ہو کہ عورت کو مس کرنے سے وضو ٹوٹ جائے

**دلیل:** حدیث عائشہ: نبی ﷺ نے اپنی بیوی کو بوسہ دیا اور وضو کیے بغیر نماز پڑھی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے سامنے لیٹ جاتی تھی اور سو جاتی تھی، اور میرے پاؤں آپ کے قبلے والی جگہ پر ہوتے تھے، جہاں آپ نے سجدہ کرنا ہوتا۔ اور آپ ﷺ رات کو وہیں نماز پڑھتے تھے۔ جب آپ سجدہ کرتے تو میرے پاؤں کے قریب آنے پر مجھے ہاتھ سے اشارہ کرتے، جس پر میں اپنے پاؤں پیچھے کر لیتی۔ جب آپ سجدے سے فارغ ہو کر کھڑے ہو جاتے تو میں اپنے پاؤں دوبارہ سیدھے کر لیتی اس بات کی دلیل ہے کہ آپ ﷺ نے نماز کی حالت میں عورت کو ہاتھ لگایا، مگر اس سے وضو نہیں ٹوٹا اور آپ نے نماز جاری رکھی۔

**دوسرا قول:** وضو ٹوٹ جاتا ہے

فقہ شافعیہ کے مطابق عورت کو چھونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔

**دلیل:** آیت قرآن: "أولا مستم النساء" (اگر تم نے عورتوں کو چھوا)۔

**دلیل:** حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کا بوسہ لے یا اسے ہاتھ سے چھولے تو اس پر وضو لازم ہے۔ یہ قول موطا امام مالک میں موجود ہے اور صحیح ثابت ہے۔

**تیسرا قول:** شہوت سے چھونے پر وضو ٹوٹتا ہے

فقہ مالکیہ اور حنابلہ کے مطابق اگر شہوت سے چھوا جائے تو وضو ٹوٹ جاتا ہے، ورنہ نہیں۔

**راجح قول:** تیسرا قول راجح سمجھا جاتا ہے۔

## نماز میں قہقہہ لگانا

نماز میں قہقہہ لگانے سے وضو ٹوٹنے یا نہ ٹوٹنے کا اختلاف ہے۔

**پہلا قول:** وضو ٹوٹ جاتا ہے

فقہ حنفیہ کے مطابق نماز میں قہقہہ لگانے سے وضو اور نماز دونوں ٹوٹ جاتے ہیں۔

**دلیل:** حضرت عسامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ہم نبی کریم ﷺ کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک نابینا شخص آیا اور گڑھے میں گر گیا، جس پر ہم نماز کے دوران ہنس پڑے اور ہماری ہنسی نکل گئی۔ نبی کریم ﷺ نے ہمیں مکمل وضو کرنے اور نماز نئے سرے سے پڑھنے کا حکم دیا۔ یہ روایت ضعیف ہے۔

**دلیل:** حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ جو شخص اپنی نماز میں ہنس پڑے، اسے چاہیے کہ وضو کرے اور نماز دوبارہ ادا کرے۔ یہ بھی منکر روایت ہے جس میں راوی بھی ضعیف ہے۔

**دوسرا قول:** وضو نہیں ٹوٹتا

جمہور علماء کے مطابق وضو نہیں ٹوٹتا، البتہ نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

**دلیل:** حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا موقوفاً قول نقل کیا گیا ہے کہ اگر کوئی شخص نماز میں ہنس پڑے تو اسے صرف نماز لوٹانی چاہیے، وضو لوٹانے کی ضرورت نہیں۔

**دلیل:** فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ نماز کے باہر قہقہہ لگانے سے وضو نہیں ٹوٹتا، تو نماز کے اندر قہقہہ لگانے سے وضو کیسے ٹوٹے گا؟ اگر کوئی چیز باہر ناقض وضو نہیں ہے، تو نماز کے اندر بھی ناقض وضو نہیں ہو سکتی۔

**راجح قول:** جمہور علماء کا قول راجح سمجھا جاتا ہے۔

## Nawaaqiz-e-Wudhu Ki Tafseeli Wazahat

Nawaaqiz-e-Wudhu se muraad wo amil hain jin ke baais Wudhu toot jata hai aur insaan ko namaz ya dosri ibaadat ki adaigi ke liye dobara Wudhu karna laazim ho jata hai. Fuqahaa ne Wudhu ko todne wali mukhtalif cheezon ko bayan kiya hai aur unki tafseelat ke saath dalaail bhi faraham kiye hain.

## Nawaaqiz-e-Wudhu Ki Iqsam

### Qay, Khoon, aur Naksir ka Nikalna

**Qay:** Jab maiday se khana ya koi aur maada munh ke zariye kharij ho to isay qay kehte hain.
**Ra'af:** Naksir ka phoot jana, yani naak se khoon ka behna.
**Khoon:** Jism ke kisi bhi hisse se khoon ka nikalna.

**Pehla Qaul:** Wudhu toot jata hai
Fiqh Hanafiyah aur Hanabilah ke mutabiq, qay, naksir, aur khoon ka behna naaqiz-e-Wudhu hain.
**Sharaait:**

- Khoon behne wala ho (yani wo khoon ya peep beh kar nikle).
- Qay bhar kar aaye, thodi qay ho to Wudhu nahi toot'ta.

**Daleel:** Hadith Abu Darda: Nabi Kareem ﷺ ne qay ki aur Wudhu kiya, is se sabit hua ke qay naaqiz-e-Wudhu hai.
**Daleel:** Hadith Ayesha: "Jis ko qay, ra'af ya madi aaye, wo Wudhu kar ke namaz jari rakhe."
**Qalas:** Qay ki ek qism hai, jismein khana munh tak aaye lekin kharij na ho.
**Zaeef Daleel:** Aksar dalaail zaeef hain, jaise behne wale khoon ke naaqiz-e-Wudhu hone ki riwayat, jo sanad'an zaeef hai.

**Dosra Qaul:** Wudhu nahi toot'ta
Fiqh Maalikiyah aur Shafiyah ke mutabiq qay, khoon aur naksir naaqiz-e-Wudhu nahi hain.
**Daleel:** Hadith Jabir: Ek Sahabi ne teer lagne ke bawajood khoon behne ke douran namaz jari rakhi, jis se sabit hota hai ke khoon naaqiz-e-Wudhu nahi.
**Daleel:** Hadith Sangi: Nabi Kareem ﷺ ne sangi lagwayi aur baghair Wudhu ke namaz padhi.
**Daleel:** Sahaba ka amal: Hazrat Abdullah bin Umar رضی اللہ عنہ ne phore se khoon nikalne par Wudhu nahi kiya.

**Raajih Qaul:** Dosre Qaul ko raajih samjha jata hai, kyun ke is ke dalaail mazboot hain aur saheeh ahadith par mabni hain.

## Sharamgah Ko Haath Lagana

Sharamgah ko haath lagane se Wudhu tootne ya na tootne ka ikhtilaaf hai.

**Pehla Qaul:** Wudhu toot jata hai
Jumhoor ulama, jin mein Shafiyah, Hanabilah aur Maalikiyah shamil hain, ka Qaul hai ke sharamgah ko haath lagane se Wudhu toot jata hai.
**Daleel:** Hadith Busrah bint Safwan: "Agar koi shakhs apni sharamgah ko haath lagaye to usay Wudhu karna chahiye."
**Daleel:** Hadith Abu Hurairah: Nabi ﷺ ne farmaya, "Jo shakhs apni sharamgah ko barah-e-raast haath se choo'ay, us par Wudhu wajib hai."

**Dosra Qaul:** Wudhu nahi toot'ta
Fiqh Hanafiyah ke mutabiq sharamgah ko haath lagane se Wudhu nahi toot'ta.
**Daleel:** Hadith Talq bin Ali: Aap ﷺ ne farmaya ke sharamgah jism ka ek hissa hai, isay haath lagane se Wudhu nahi toot'ta.

**Raajih Qaul:** Raajih Qaul yeh hai ke agar kapde ke baghair barah-e-raast haath sharamgah ko lag jaye to Wudhu toot jaye ga. Is mein do sharait hain: pehli yeh ke andar wale hissa ko mas kiya jaye aur dosri yeh ke darmiyan mein koi kapda waghera haail na ho.

## Aqal ka Zail Hona

Agar insaan ki aqal zail ho jaye (jaise behoshi, nasha ya diwaangi) to Wudhu toot jata hai.

**Daleel:** Ijma - Imam Ibn al-Mundhir aur Imam Nawawi رحمه الله ke mutabiq fuqahaa ka is par ijma hai ke aqal ke zail hone se Wudhu toot jata hai.

## Aurat Ko Chhoona

Aurat ko chhoone se Wudhu ke tootne ka ikhtilaaf hai.

**Pehla Qaul:** Wudhu nahi toot'ta
Fiqh Hanafiyah ke mutabiq aurat ko chhoone se Wudhu nahi toot'ta.
**Daleel:** Qur'an aur Hadith ka mutaala karne se hamein kahin bhi aisi koi saheeh daleel nahi milti jis se yeh sabit ho ke aurat ko haath lagane se Wudhu toot jata hai.
**Daleel:** Hadith Ayesha: Nabi ﷺ ne apni biwi ko bosa diya aur Wudhu kiye baghair namaz padhi.

**Dosra Qaul:** Wudhu toot jata hai
Fiqh Shafiyah ke mutabiq aurat ko chhoone se Wudhu toot jata hai.
**Daleel:** Ayat Qur'an: "أو لامستم النساء" (agar tum ne auraton ko chhua).
**Daleel:** Hazrat Abdullah Ibn Umar رضی اللہ عنہ ka Qaul hai ke agar koi shakhs apni biwi ka bosa le ya usey haath se choo le to us par Wudhu laazim hai.

**Teesra Qaul:** Shahwat se chhoone par Wudhu toot'ta hai
Fiqh Maalikiyah aur Hanabilah ke mutabiq agar shahwat se chhua jaye to Wudhu toot'ta hai, warna nahi.

**Raajih Qaul:** Teesra Qaul raajih samjha jata hai.

## Namaz Mein Qahqaha Lagana

Namaz mein qahqaha lagane se Wudhu tootne ya na tootne ka ikhtilaaf hai.

**Pehla Qaul:** Wudhu toot jata hai
Fiqh Hanafiyah ke mutabiq namaz mein qahqaha lagane se Wudhu aur namaz dono toot jate hain.
**Daleel:** Hadith Asamah رضی اللہ عنہ: Ek naabeena shakhs aaya aur garhay mein gir gaya, jis par hum namaz ke douran hans paray aur hansi nikal gayi. Nabi Kareem ﷺ ne humein mukammal Wudhu karne aur namaz dobara parhne ka hukam diya.

**Dosra Qaul:** Wudhu nahi toot'ta
Jumhoor ulama ke mutabiq Wudhu nahi toot'ta, balke sirf namaz toot'ti hai.
**Daleel:** Hazrat Jabir رضی اللہ عنہ ka maqoufan Qaul hai ke agar koi shakhs namaz mein hans paray to use sirf namaz lautani chahiye, Wudhu lautane ki zaroorat nahi.

**Raajih Qaul:** Jumhoor ulama ka Qaul raajih samjha jata hai.